Prime Minister’s interaction with the Indian Community and Friends of India in Bali, Indonesia

November 15, 2022

بالی، انڈونیشیا میں بھارتی برادری اور بھارت کے دوستوں کے ساتھ وزیر اعظم کی بات چیت

نومبر 15 2022

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے 15 نومبر 2022 کو انڈونیشیا کے شہر بالی میں بھارت نژاد برادری کے 800 سے زائد اراکین اور بھارت کے دوستوں سے خطاب کیا اور ان سے بات چیت کی۔ یہ پرجوش اور متنوع مجمع پورے انڈونیشیا سے اکٹھا ہوا تھا۔

اپنے خطاب کے دوران، وزیر اعظم نے بھارت اور انڈونیشیا کے درمیان قریبی ثقافتی اور تہذیبی روابط کو اجاگر کیا۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان پائیدار ثقافتی اور تجارتی روابط کو اجاگر کرنے کی غرض سے ’’بالی جترا‘‘ کی قدیم روایات کا حوالہ دیا۔ انہوں نے مختلف شعبوں میں بھارت اور انڈونیشیا کے مابین مشترکہ چیزوں کو بھی اجاگر کیا۔

وزیر اعظم نے، اپنے گود لیے ہوئے وطن کے لیے سخت محنت اور لگن کے ذریعہ غیر ممالک میں بھارت کے رتبے اور وقار میں اضافہ کرنے کے لیے برادری کے اراکین کی ستائش کی۔ انہوں نے بھارت-انڈونیشیا تعلقات میں مثبت پیش رفت، اور اسے مضبوطی فراہم کرنے میں بھارتی برادری کے اراکین کے ذریعہ اداکیے گئے اہم کردار کے بارے میں بھی بات کی۔

وزیر اعظم نے بھارت کی نمو کی داستان، اس کی حصولیابیوں اور مختلف شعبوں یعنی ، ڈجیٹل تکنالوجی، مالیہ، صحت، ٹیلی مواصلات اور خلاء، میں ملک کی پیش رفت کو اجاگر کیا ۔ انہوں نے اس بات کا بھی ذکر کیا کہ ترقی سے متعلق بھارت کے روڈمیپ میں دنیا کی اقتصادی امنگیں شامل ہیں اور آتم نربھر بھارت کا خواب دنیا کی فلاح و بہبود کے جذبہ کا مظہر ہے۔

وزیر اعظم نے برادری کے اراکین اور بھارت کے دوستوں کو 8 سے 10 جنوری 2023 کے درمیان مدھیہ پردیش کے شہر اندور میں منعقد ہونے والے آئندہ پرواسی بھارتیہ دیوس اجلاس ، اور اس کے بعد گجرات میں منعقد ہونے والے پتنگ میلے میں شرکت کے لیے مدعو کیا ۔

بالی

نومبر 15 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.